## سوال

دوران حیض قرآن مجید پڑھانا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا مدرسے کی معلمہ کےلئے دوران حیض قرآن مجید پڑھانا جائز ہے۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طالبہ اور معلمہ کےلئے حیض کی حالت میں بوقت ضرورت، مثلاً تعلیم و تعلم کی غرض سے یا اسے بھول جانے کے اندیشے وغیرہ کی وجہ سے قرآن مجید پڑھنا اور پڑھانا جائز ہے۔ (مجموع فتاوی ورسائل الشیخ محمد صالح العثیمین -المجلد الحادي عشر- باب الحیض) اگر بھول جانے کا اندیشہ ہو تو امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے نزدیک حائضہ کےلئے قرآن مجید پڑھنا واجب ہے۔ کیونکہ (مالایتم الواجب اِلاّ بہ فھو واجب) جس کے بغیر واجب مکمل نہ ہوتا ہو وہ چیز بھی واجب ہے۔ (مختصرا من الموسوعة الفقهية) هذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ